ShaneNabi.In
Best Sunni Islamic Website
(بہترین سنی اسلامی ویب سائٹ)

# نُوری محفل پہ چادر تنی نُور کی
# نُور پھیلا ہوا آج کی رات ہے
## (اردو نعت لیرکس)

لکھا ہے: ابھی نہیں معلوم

سوشل نیٹ ورک پر ہمیں فالو کریں
https://youtube.com/@shanenabi
https://www.facebook.com/shanenabi.in
https://www.instagram.com/shanenabi.in
https://twitter.com/ShaneNabi_In
مزید اشعار اور اسلامی کونٹینٹ کے لیے https://shanenabi.in پر وزٹ کریں۔
یہ لیرکس https://shanenabi.in ویب سائٹ سے ڈاؤن لوڈ/ پرنٹ کی گئی ہیں۔
مدد/درخواست کے لیے support@shanenabi.in پر ہم سے رابطہ کریں۔

نُوری محفل پہ چادر تنی نُور کی نُور پھیلا ہوا آج کی رات ہے
چاندنی میں ہیں ڈُوبے ہوئے دوجہاں کون جلوہ نُما آج کی رات ہے

عَرش پر دُھوم ہے فرش پر دُھوم ہے، ہے وہ بَدبخت جو آج محروم ہے
پھر یہ آئے گی شب کِس کو معلوم ہے ہم پہ لُطفِ خُدا آج کی رات ہے

نُوری محفل پہ چادر تنی نُور کی نُور پھیلا ہوا آج کی رات ہے
چاندنی میں ہیں ڈُوبے ہوئے دوجہاں کون جلوہ نُما آج کی رات ہے

اَبرِ رحمت ہیں محفل پہ چھائے ہوئے آسماں سے ملائک ہیں آئے ہوئے
خود محمّد ﷺ ہیں تشریف لائے ہوے کِس قدر جانفزا آج کی رات ہے

نُوری محفل پہ چادر تنی نُور کی نُور پھیلا ہوا آج کی رات ہے
چاندنی میں ہیں ڈُوبے ہوئے دوجہاں کون جلوہ نُما آج کی رات ہے

مانگ لو مانگ لو چشمِ تر مانگ لو ، دَردِ دِل اور حُسنِ نظر مانگ لو
کملی والے کی نگری میں گھر مانگ لو مانگنے کا مزا آج کی رات ہے

نُوری محفل پہ چادر تنی نُور کی نُور پھیلا ہوا آج کی رات ہے
چاندنی میں ہیں ڈُوبے ہوئے دوجہاں کون جلوہ نُما آج کی رات ہے

مومنو آج گنجِ سخا لُوٹ لو ، لُوٹ لو اَے مریضو شِفا لُوٹ لو
عاصیو رحمتِ مصطفٰے لُوٹ لو ، بابِ رحمت کُھلا آج کی رات ہے

نُوری محفل پہ چادر تنی نُور کی نُور پھیلا ہوا آج کی رات ہے
چاندنی میں ہیں ڈُوبے ہوئے دوجہاں کون جلوہ نُما آج کی رات ہے

© ShaneNabi.In

خوب ہونے دو اشکوں کی برسات کو دو، دو سلامی محمّد ﷺ کی بارات کو
چوم لو چوم لو آج کی رات ہے، شب ے قدر کی گما آج کی رات ہے

نُوری محفل پہ چادر تنی نُور کی نُور پھیلا ہوا آج کی رات ہے
چاندنی میں ہیں ڈُوبے ہوئے دوجہاں کون جلوہ نُما آج کی رات ہے

وقت لائے خُدا سب مدینے چلیں لُوٹنے رحمتوں کے خزینے چلیں
سب کے منزل کی جانب سفینے چلیں میری صائم دُعا آج کی رات ہے

نُوری محفل پہ چادر تنی نُور کی نُور پھیلا ہوا آج کی رات ہے
چاندنی میں ہیں ڈُوبے ہوئے دوجہاں کون جلوہ نُما آج کی رات ہے

© ShaneNabi.In